6509-کیا کسی بھی گوشت پر بسم اللہ پڑھنا کافی ہے

سوال

جب میں گوشت خریدوں اور مجھے علم بھی ہو کہ یہ شریعت اسلامیہ کے مطابق ذبح نہیں کیا گیا تو کیا اسے بسم اللہ پڑھ کر کھا لوں ؟

میں نے بخاری شریف میں ایک حدیث پڑھی ہے کہ : کچھ لوگوں کو یقینی علم نہیں تھا کہ ان کے پاس جو گوشت ہے وہ حلال ہے ، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بتایا کہ وہ بسم اللہ پڑھ کر کھا لیں.

کیا حدیث کا صحیح مفہوم یہی ہے ؟

پسندیدہ جواب

جب یہ معلوم نہ
ہو کہ کس طریقہ پر ذبح کیا گیا ہے ، اور ظن غالب یہ ہو کہ اسے شریعت اسلامیہ کے
طریقہ پر ہی ذبح کیا گیا ہوگا ، وہ اس طرح کہ وہ گوشت ایسے ملک کا ہو جہاں اکثریت
مسلمانوں کی ہے ، یا پھر اہل کتاب ہیں ، تو ایسی حالت میں اسے کھاتے وقت بسم اللہ پڑھنا
کافی ہے.

لیکن جب یہ علم ہو کہ اسے غیر اسلامی
طریقہ پر ذبح کیا گیا ہے تو اس کا کھانا جائز نہیں ، کیونکہ وہ مردار کے حکم میں ہے ،
جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

(
اور تم اسے نہ کھاؤ جس پر اللہ
تعالی کا نام نہ لیا گیا ہو..).